جمہوری اداروں کی تباہی کی سب سے بڑی وجہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے، وسیم اختر، رضا ہارون

لائنز ایریا میں کارنر میٹنگ سے خطاب

کراچی۔۔۔23، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست امیدواران برائے قومی وصوبائی اسمبلی وسیم اختر اور محمد رضا ہارون نے کہا ہے کہ متحدہ قومی موومنٹ، پاکستان کی ترقی اور خوشحالی اور جمہوری اداروں کو مستحکم بنانے عملی جدوجہد کررہی ہے۔ یہ بات انہوں نے گزشتہ روز لائنز ایریا میں کارنر میٹنگ سے خطاب کرتے ہوئے کہی جس میں علاقے کے بزرگوں اور نوجوانوں کی بڑی تعداد نے شرکت کی۔ وسیم اختر اور محمد رضا ہارون نے کہا کہ ملک وقوم کے مصائب ومشکلات اور جمہوری اداروں کی تباہی کی سب سے بڑی وجہ فرسودہ جاگیردارانہ نظام ہے اور جب تک اس نظام کا خاتمہ نہیں ہوگا نہ تو غریب ومتوسط طبقہ کے عوام کو ان کے بنیادی حقوق میسر آسکتے ہیں اور نہ ہی جمہوری اداروں کو مستحکم کیا جاسکتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم سیاست برائے خدمت پر یقین رکھتی ہے اور حق پرست عوامی نمائندہ ملک بھر کے عوام کی بلاامتیاز رنگ ونسل عملی خدمت میں مصروف ہیں۔ انہوں نے عوام سے اپیل کی کہ وہ آئندہ عام انتخابات میں اپنے ووٹ کا حق ضرور استعمال کریں اور حق پرست امیدواروں کو ووٹ دیکر بھاری اکثریت سے کامیاب بنائیں۔

ایم کیوایم کے کارکنان سے رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم بن قاسم سیکٹر یونٹ گلشن حدید کے فنانس سیکریٹری حق نواز کی والدہ محترمہ مریم، ایم کیوایم کورنگی سیکٹر یونٹ 75 ایلڈرز ونگ کے کارکن نصرت کی والدہ محترمہ لئیقن بیگم اور ایم کیوایم میرپورخاص زون یونٹ 2 بی کے کارکن آفاق احمد کی والدہ محترمہ زیب النساء کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگواران سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں جگہ دے اور سوگواران کو صبر جمیل عطا کرے۔ (آمین)

ایم کیوایم فوٹو سیکشن کے رکن انصار احمد خان کے بہنوئی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔23، جنوری 2008ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم شعبہ اطلاعات فوٹو سیکشن کے رکن انصار احمد خان کے بہنوئی حیدر علی شاہ کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔ رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔ دریں اثناء ایم کیوایم کی میڈیا کمیٹی اور شعبہ اطلاعات کے ارکان نے بھی انصار احمد خان سے انکے بہنوئی کے انتقال پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆☆☆